Rampur State Gazette.

EXTRAORDINARY.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

(مطبوعہ روز یکشنبہ بتاریخ ۲۰ جمادی الثانی ۱۳۵۳ھ مطابق ۳۰ ستمبر ۱۹۳۴ء) جلد

غیر معمولی گزٹ

حصۂ اول

نوٹیفکیشن منجانب گورنمنٹ اڑیسہ بتحت قانون وصولیابی محصول ہائے بالائی ریاست ہائے ۱۹۳۴ء	۲

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

نوٹیفکیشن منجانب گورنمنٹ رامپور تحت قانون وصولیابی محصول دیاسلائی سنہ ۱۹۳۴ء

(ریاست رامپور سنہ ۱۹۳۴ء)

گورنمنٹ رامپور بذریعہ اعلان ہذا مطبوعہ گزٹ امروزہ حسب ذیل احکام صادر کرتی ہے:-

(۱) کل ریاست رامپور میں یکم اکتوبر سنہ ۱۹۳۴ء کے بعد سے اُن دیاسلائیوں کی فروخت کی ممانعت کیجاتی ہے جنپر مطابق قانون وصولیابی محصول دیاسلائی سنہ ۱۹۳۴ء بندھن یا مہر سرکاری نہ ہو۔

(۲) **الف**۔ بذریعہ اعلان ہذا دیاسلائی کے تاجران کو حکم دیا جاتا ہے کہ اگر بتاریخ یکم اکتوبر سنہ ۱۹۳۴ء پچاس گرس بکس دیاسلائی یا اس سے زیادہ اُنکے قبضہ میں ہوں تو وہ اُس امر کی اطلاع اس اعلان کی تاریخ سے تین یوم کے اندر تحصیلدار علاقہ کو تحریری کردیں۔

ب۔ اگر گورنمنٹ کو اطلاع محولہ ضمن (الف) تاریخ مذکور پر نہ دیجائیگی تو پچاس گرس یا اُس سے زیادہ تعداد کے بکس دیاسلائی قابل ضبطی ہوں گے۔

(۳) یہ بھی اعلان کیا جاتا ہے کہ گندک کی بلا بندھن کی دیاسلائیوں کی اور اُن دیاسلائیوں کی جو "بنگالی شعلے" کے نام سے مشہور ہیں ۳۱ دسمبر سنہ ۱۹۳۴ء تک فروخت کرنے کی اجازت دیجاتی ہے۔

(۳۰ ستمبر سنہ ۱۹۳۴ء) — دستخط صاحب پریسیڈنٹ محکمہ کونسل